سوال

جمعہ کے دن امام کی دعاء پر آمین کہنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا خطبہ کے بعد نماز جمعہ میں مقتدیوں کا امام دعاء آمین کہنا بدعت ہے ؟ یعنی جب امام دعاء کرے تو ہم اس پر آمین کہیں تو کیا یہ بدعت ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

خطبہ میں امام کی دعاء پر مقتدیوں کا آمین کہنا جب کہ وہ مسلمانوں کے لئے دعاء کر رہا ہو بدعت نہیں ہے بلکہ مستحب ہے کہ امام کی دعاء پر آمین کہی جائے لیکن آمین اجتماعی طور پر بلند آواز کے ساتھ نہ کہی جائے بلکہ ہر شخص انفرادی طور پر آہستہ سے آمین کہے تاکہ تشویش پیدا نہ ہو اور مسجد میں آوازیں بلند نہ ہوں لہذا ہر نمازی کو چاہیئے کہ الگ اپنے طور پر اور آہستہ سے خطیب کی دعاء پر آمین کہے !وہ دوسروں سے الگ اپنے طور پر آہستہ سے خطیب کی دعاء پر آمین کہے !

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج1ص548

محدث فتویٰ